CAS # 299-84-3 RTECS # TG0525000 EC # 015-052-00-X	**O,O-Dimethyl-O-(2,4,5-trichlorophenyl) phosphorothioate** :دیگرنام **Ronnel** $(CH_3O)_2PSOC_6H_2Cl_3/C_8H_8Cl_3O_3PS$:فارمولا 321.5 :سالماتی وزن

خطرے کی قسم	شدید خطرات / علامات	بچاؤ	ابتدائی طبی امداد اورآگ پر قابو پانا
آگ:	غیرآتشگیر مادہ ایسی مائع فارمولیشنز جن میں نامیاتی محلل (solvent) .امل ہوں آتش گیر ہوسکتی ہیں جلنے پرسوزش پیدا کرنے والے یا زہریلے بخارات (یاگیسیں) خارج ہوتے ہیں .		آگ کے قرب وجوار میں پھیلنے کی صورت میں تمام آگ بجھانے والے مادے استعمال کرنے کی اجازت ہے۔
دھماکہ :			
جسم میں داخلہ :		گرد کو پھیلنے سے بچائیں عورتوں (دوران حمل) کواثرات سے بچائیں نابالغوں اور بچوں کواثرات سے بچائیں	
سانس کے راستے :	چکراہٹ پسینہ آنا سانس لینے میں مشکل بے ہوشی آنکھ کی پتلی کی سکڑن، پٹھوں میں کھچاؤ، زیادہ لعاب آنا	باریک گرداور پھوار میں سانس نہ لیں ہوا کی آمدو رفت (پاؤڈر کی صورت میں نہیں) لوکل ایگزاسٹ یا آلات تنفس کا انتظام کریں	تازہ ہوا میں لے جائیں آرام دلائیں طبی نگہداشت کا انتظام کریں
جلد کے راستے :	جسم میں جذب ہوسکتا ہے	حفاظتی دستانے استعمال کریں حفاظتی لباس استعمال کریں	آلودہ کپڑے اتار دیں پانی بہائیں پھر جلد کو پانی اور صابن سے دھوئیں طبی نگہداشت کا بندوبست کریں
آنکھوں میں پڑنا :		چہرے کی شیلڈ یا پاؤڈر کی صورت میں تنفس کے ساتھ ساتھ آنکھوں کی حفاظت استعمال کریں	پہلے کئی منٹ تک پانی سے اچھی طرح دھوئیں پھر ڈاکٹر کے پاس لے جائیں
نگلنے کی صورت میں :	پیٹ میں کھچاؤ اسہال متلی قے آنا آنکھوں کی پتلی میں تناؤ، پٹھوں میں کھچاؤ، لعاب باہر آنا	کام کے دوران خوردونوش اور سگریٹ نوشی مت کریں کھانے سے پہلے ہاتھ دھوئیں	قے دلائیں (صرف ہوش میں ہونے کی صورت میں) طبی نگہداشت کا انتظام کریں

بکھرنے کی صورت میں اقدامات :	پیک کرنا اور لیبل لگانا :
سیوریج میں نہ بہائیں گرے ہوئے مادے کو اکٹھا کر کے سیل ہونے والے ڈبوں یا برتنوں میں ڈالیں اگر مناسب ہو تو پہلے پانی سے نم کرلیں تاکہ گرد نہ اٹھے احتیاط کے ساتھ بقیہ مادے کو اکٹھا کریں پھر اس کو محفوظ جگہ پر لے جائیں (غیر معمولی ذاتی تحفظ، ضرر رساں ذرات سے بچنے کے لیے P2 والے ماسک کی ضرورت)	خوراک یا جانوروں کی فیڈ کے ساتھ بار برداری نہ کریں
ہنگامی اقدامات :	**ذخیرہ کرنا :**
	طاقتور تکسیدی مادوں خوراک اور جانوروں کی فیڈ سے الگ رکھیں

اہم معلومات پشت پر ملاحظہ فرمائیں

اہم معلومات

طبعی حالت: شکل : سفید پاؤڈر

کیمیائی خطرات: زیادہ گرم کرنے سے تحلیل ہوجاتا ہے اور ہائیڈروجن کلورائیڈ سافسورس آکسائیڈز اور سلفر آکسائیڈز کے زہریلے بخارات بناتا ہے۔

ہوا میں مقررہ حدود: (Occupational exposure limits)
TLV: ppm; 10 mg/m^3 (as TWA) (ACGIH 1995-1996).

جسم میں داخلے کے راستے : یہ مادہ جسم میں اس کے دھوئیں یا گرد میں سانس لینے سے جلد کے راستے سے نگلنے سے جذب ہوسکتا ہے

سانس کے راستے داخل ہونے کے خطرات : 20 سنٹی گریڈ پر اس کی تبخیر برائے نام ہے لیکن بکھیرنے پر ہوا میں ذرات کی مقدار تیزی سے تکلیف دہ حد کو چھوسکتی ہے۔ سپرے کرنے پر یا بکھیرنے پر خصوصاً پاؤڈر کی شکل میں

مختصر مدت کے لئے جسم میں داخلے کے اثرات : یہ مادہ اعصابی نظام پر اثر انداز ہوسکتا ہے جس سے اینٹھن پیدا ہوتا ہے یہ cholinesterase کے کام میں رکاوٹ ڈالتا ہے۔ اس کے اثرات دیر سے ظاہر ہوسکتے ہیں طبی نگہداشت میں رکھیں۔

جسم میں طویل عرصے تک داخلے کے اثرات : جانوروں پر تجربات سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مادہ نوزائیدہ بچوں میں نقائص کا موجب بن سکتا ہے

طبعی خوائص

نقطہ پگھلاؤ: 41 سنٹی گریڈ

کثافت اضافی (بالمقابل پانی=1): 1.48

20 سنٹی گریڈ پر پانی میں حل پذیری: بالکل نہیں

25 سنٹی گریڈ پر بخاراتی پریشر: <10Pa

Log Pow کے طور پر اوکٹانول بمقابلہ پانی پارٹیشن کوفیشنٹ: 4.88

ماحولیاتی اعداد و شمار

یہ مادہ آبی جانداروں کے لیے بے حد زہریلا ہے۔ انسانی خوراک کی زنجیر (food chain) میں کہیں بھی اس کا ذخیرہ ہوسکتا ہے خاص طور پر مچھلیوں میں سوائے معمول کے استعمال کے اس کو ماحول میں خارج نہ کریں

نوٹس (Notes)

تحلیل ہونے کا درجہ حرارت لٹریچر میں معلوم نہیں ہے جسم میں داخل ہونے والی مقدار کے مطابق باقاعدہ وقفوں سے طبی معائنہ کی سفارش کی جاتی ہے کمرشل فارمولیشن میں شامل محلل (Solvents) کی وجہ سے اس کی طبعی خصوصیات اور زہریلے پن میں فرق آسکتا ہے کام کا لباس گھر ہرگز نہ لے جائیں Korlan Nankor, Viozene, Trolene, Ectoral تجارتی نام ہیں

مزید معلومات :

LEGAL NOTICE Neither the CEC nor the IPCS nor any person acting on behalf of the CEC or the IPCS is responsible for the use which might be made of this information

C IPCS, CEC 1999

IPCS
International Programme on Chemical Safety

Prepared in the context of cooperation between the International Programe on Chemical Safety and the Commission of the European Communities C IPCS, CEC 1999